http://e.tashakurnews.com info@tashakurnews.com
facebook.com/tashakurnews twitter.com/RTashakur

اشاعت کے سلسلہ 22 سال ABC Certified باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کراچی، حیدرآباد، لاہور اور اسلام آباد میں بیک وقت پڑھا جانے والا روزنامہ

ہم ظلم مٹانے نکلے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو ⊙ ہم ارضِ وطن کے رکھوالے ہیں ⊙ آؤ ہمارے ساتھ چلو

REG # 12(2411)/22

روزنامہ تشکر کراچی نیوز

چیف ایڈیٹر عبدالسمیع منصور

جلد : 24 | 10 جمادی الثانی 1448ھ ہفتہ 21 نومبر 2026ء (قیمت 15 روپے) | شمارہ : 141

شمالی وزیرستان، خواتین کے بھیس میں فرار ہونے والے متعدد خارجی ہلاک

لکی مروت میں دہشتگردی کی ہولناک کوشش ناکام، خودکش حملہ آور ہلاک

فتنہ الخوارج کے مذموم مقاصد خاک میں ملا کر ہمارے شیر دل جوانوں نے درجنوں قیمتی جانیں بچائیں، خیبر پختونخوا پولیس کے سپوت عوام کی حفاظت کیلئے سینہ سپر ہیں، آئی جی پی ذوالفقار حمید

پشاور (ڈائیجسٹ ڈیسک) ڈاکٹر سٹیفن پیک ریشنٹ خیبر پختونخوا پولیس نے کہا ہے کہ لکی مروت کے تھانہ برادی کی حدود میں پولیس نے بہترین کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردی کی ہولناک کوشش ناکام بنا دی۔ پولیس کو کچھ عرصہ سے اطلاعات تھیں کہ مذکورہ گاڑی کے ذریعے بڑے پیمانے پر تباہی پھیلانے والی آئی ای ڈی تیار کی گئی ہے، اطلاعات پر کی مروت پولیس نے آپریشنز کا سلسلہ مزید تیز کیا، گشت اور چیک پوائنٹس بھی بڑھا دی گئیں، اہم روٹ تھانہ برادی کی حدود میں متذکرہ گاڑی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 1)

پاکستان اور ترکیہ کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون کے متعدد معاہدوں پر دستخط

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) کراچی میں ترکیہ کے سیمسک ریسرچ اینڈ سائنس یونیورسٹی کا پاکستان آمد کے موقع پر استقبالیہ تقریب منعقد ہوئی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 3)

تیل و گیس کی تلاش کے منصوبے میں تعاون پر ترک صدر کے مشکور ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے ترکیہ کے وزیر توانائی الپ ارسلان بیرکتار کے اعزاز میں عشائیہ دیا، اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا ترکیہ کے ساتھ تاریخی تعلقات دیرینہ دوستی، باہمی اعتماد، اخوت اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں، انھوں نے مزید کہا ترک تحقیقی بحری جہاز اور تیل و گیس کی پاکستان آمد اور آف شور تیل و گیس کی تلاش کے منصوبے میں بھرپور تعاون پر ترک صدر (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 2)

جنرل عاصم منیر نے خیبر پختونخوا کی پولیس فورس کی تعریف کرتے ہوئے پی پولیس کو بہادر فرنٹ لائن فورس قرار دیا

فیلڈ مارشل کا میران شاہ کا دورہ

دہشتگردی کی لعنت کو فیصلہ کن انداز میں ختم کرنے کے عزم کا اعادہ

آرمی چیف کو موجودہ سیکورٹی صورتحال، انٹیلی جنس کی بنیاد پر جاری آپریشنز اور دہشت گردی کے خلاف مسلسل کوششوں سے حاصل ہونے والی کامیابیوں کو مستحکم کرنے اور علاقے میں دیرپا امن واستحکام کو یقینی بنانے کے لیے کیے جانے والے اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، چیف آف ڈیفنس فورسز جنرل عاصم منیر نے افسران اور جوانوں سے گفتگو بھی کی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے شمالی وزیرستان کے علاقے میران شاہ کا دورہ کیا، آرمی چیف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل عاصم منیر نے فیلڈ مارشل جنرل عاصم منیر کو میران شاہ کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری دے رہے ہیں، دوسری جانب کور کمانڈر ٹوچی فورس میجر جنرل عبدالناصر جنجوعہ نے آرمی چیف کو آپریشنز کے حوالے سے بریفنگ دی، آرمی چیف نے فیلڈ مارشل عاصم منیر کو میران شاہ کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری دے رہے ہیں، دوسری جانب کور کمانڈر ٹوچی فورس میجر جنرل عبدالناصر جنجوعہ نے آرمی چیف کو آپریشنز کے حوالے سے بریفنگ دی

اقوام متحدہ میں بھارت کے غیر سفارتی اور غیر پیشہ ورانہ ریمارکس کسی توجہ کے لائق نہیں، دفتر خارجہ

بھارت کے الزامات مسترد، پاکستان کا اقوام متحدہ میں دوٹوک جواب

بھارت میں ہندوتوا سے متاثر انتہا پسندی اور مذہبی بنیاد پرستی پر مبنی نظام پوری دنیا کے سامنے ہے، جبکہ مسلمان، سکھ، مسیحی اور دلت اقلیتیں منظم امتیازی سلوک کا سامنا کر رہی ہیں، بھارت کا یہ مخصوص طرز عمل محض مسترد کیے جانے کے قابل ہے، یہ دیدہ دلیر پاکستان کے اندرونی معاملات میں ناقابل قبول مداخلت اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے منافی ہیں، ترجمان

بھارت کے غیر ذمہ دارانہ بیانات پاکستان کے اندرونی معاملات میں ناقابل قبول مداخلت ہیں، بھارتی الزامات کی توجہ کے مستحق نہیں اور پاکستانی خلاف بھارتی آئی دہشت (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 5)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سے ترک وزیر برائے توانائی وقدرتی وسائل وفد کے سربراہ ملاقات کر رہے ہیں

صلوٰۃ کی قیام کے حوالے سے عوامی رائے جاننی چاہیئے، ریفرنڈم کرانے میں کوئی حرج نہیں، تارڑ

ریفرنڈم کرانے میں کوئی حرج نہیں، آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق واضح ہے، قومی اہمیت یا عوامی دلچسپی کے کسی بھی معاملے پر ریفرنڈم کرایا جاسکتا ہے، آئین میں ریفرنڈم سے متعلق شق واضح ہے، وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات مولانا عطاالحق قاسمی نے کہا ہے کہ صوبوں کے قیام کے حوالے سے عوامی رائے لی جانی چاہیے اور اگر عوام کے صوبوں کے قیام کے حق میں ہوں تو ایسا نہیں ہونا چاہیے، آئین (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 7)

میں اتنی بات کرتا ہوں کہ ہر کسی کو چھیڑو پر ہمیں مت چھیڑو، فضل الرحمٰن

پشاور (بیورو رپورٹ) کسی پر براہ راست حملے پر آپ کی سزا کون پر آئے گی ضرورت پڑی تو جیلوں (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 10) جمعیت علماء اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ انٹیلیکچوئل یہاں کھڑی ہے

ایران جنگ ختم ہونے تک عوام مشکلات میں رہیں گے، بلاول بھٹو کی خبردار کرنے کی وارننگ

شہباز شریف کو 2 بار وزیراعظم بنوایا، چاہتا ہوں وہ 5 سال پورے کریں

وزیراعظم کے ہاتھ مضبوط کرنا چاہتا ہوں تاکہ وہ عوام کی معاشی مشکلات کیلئے کام کرسکیں، آپ فضل الرحمان کو پسند کریں یا نہ کریں وہ اپوزیشن کی بینچز پر بیٹھے ہیں، پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عوام آپ خان صاحب کو پسند کریں یا نہ کریں انکی، جماعت موجود ہے، خان صاحب وہ ہیں جنہوں نے میرے والد کو جیل بھیجا، اگر انتقام پر یقین رکھتا تو کہتا کہ گرا دیتے رہو، چیئرمین پیپلز پارٹی

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ میں نے شہباز شریف کو پورے وفد کو وزیراعظم بنوایا، چاہتا ہوں کہ وہ بطور وزیراعظم 5 سال پورے کریں۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں سندھ کے گنتم کے آبادگاروں کے سپورٹ پروگرام کی تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کی۔ تقریب میں وزیراعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ، صوبائی وزراء، مختلف ممالک سے آئے ہوئے سفارتکار اور آبادگار شریک ہوئے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عوام کام کریں گے، ہم ان کے ساتھ کھڑے ہیں، ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ ہم وزیراعظم کو پسند کریں یا نہ کریں وہ اپوزیشن کی بینچز پر بیٹھے ہیں، آپ خان صاحب کو پسند کریں یا نہ کریں انکی جماعت موجود ہے، خان صاحب وہ ہیں جنہوں نے میرے والد کو جیل بھیجا، اگر انتقام پر یقین رکھتا تو کہتا کہ گرا دیتے رہو، خان کا کہنا تھا کہ یہ پیپلز پارٹی کی سوچ ہے جو ہم کیتے رہیں گے، ہینڈلر ہماری (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 11)

سعودی فوجی اتحاد، حوثی ملیشیا کی ایک دوسرے پر حملے کی دھمکیاں

یمن اور سعودی عرب میں شہریوں کی زندگیاں خطرے میں ڈالنے والوں کیخلاف آپریشن شروع کردیا، ترکی المالکی

سعودی فوجی اتحاد اور حوثی ملیشیا نے ایک دوسرے کی بندرگاہوں پر حملے کی دھمکیاں دے دیں۔ سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد نے یمنی شہریوں کو حدیدہ سے نکل جانے کی ہدایت کردی جبکہ جواب میں حوثی ملیشیا نے کہا کہ حدیدہ پر حملہ ہوا تو وہ جدہ کی بندرگاہ اور بحر احمر کے ساتھ تمام سعودی بندرگاہوں کو نشانہ بنائیں گے۔ سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد نے حملے کا ڈر کیے بغیر یمنی شہریوں سے کہا تھا کہ وہ اپنی حفاظت یقینی بنانے کے لیے حدیدہ سے نکل جائیں۔ حدیدہ حوثی ملیشیا کے قبضے میں ہے، یہی بندرگاہ حوثی ملیشیا کے علاقوں میں خوراک اور ایندھن کی فراہمی کا بڑا ذریعہ ہے۔ حوثی ملیشیا نے بندرگاہ پر حملوں کی دھمکی کے ساتھ سعودی فضائی حدود استعمال کرنے والی انٹرنیشنل ایئر لائنز کو بھی وارننگ دی اور کہا کہ اگلے چند گھنٹوں میں سعودی فضائی حدود ان کے آپریشنز کا میدان ہوں گی۔

ایئر لائنز سعودی فضائی حدود استعمال نہ کریں، حوثی ملیشیا نے شپنگ کمپنیز سے بھی اپنے بحری جہاز سعودی بندرگاہوں سے پیچھے ہٹانے کا کہا ہے۔ یمن جنگ میں عرب مشترکہ فورسز کے ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا ہے کہ یمن اور سعودی عرب میں شہریوں کی زندگیاں خطرے میں ڈالنے والوں کے خلاف فوجی آپریشن کا آغاز کردیا۔ عرب میڈیا کے مطابق ریاض سے جاری بیان میں عرب مشترکہ فورسز کے ترجمان نے کہا فوجی آپریشن کے دوران دہشت گرد حوثی ملیشیا کی اہم عسکری تنصیبات کو نشانہ بنایا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ مشترکہ فورسز نے یمن کے حدیدہ بحری بندرگاہ میں حوثیوں کے اڈوں کو نشانہ بنایا۔ صنعا، تعز اور حدیدہ میں حوثی ملیشیا کے عسکری اہداف اور بلیسٹک صلاحیتوں کے خاتمے تک آپریشن جاری رہے گا۔

ترجمان میجر جنرل ترکی المالکی نے کہا کہ یمن میں حوثی ملیشیا کی تنصیبات کے خلاف آپریشن جاری ہے، مشترکہ فورسز نے حوثی ملیشیا کے 7 عسکری اہداف کو تباہ کردیا۔ انہوں نے کہا کہ تباہ کیے گئے عسکری اہداف کو حملوں کے لیے استعمال کیا جاتا تھا، بلیسٹک میزائلوں اور ڈرون طیاروں کو داغنے کے لیے پیڈ زیتار کرنے والی 6 فیکٹریوں کو نشانہ بنایا۔ جبکہ صنعا میں حوثی ملیشیا کی اہم بیرکوں کو تباہ کردیا۔

ایران پر پھر حملے کی تیاری؟ امریکا اور اسرائیل کے مشترکہ آپریشن کا عندیہ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) مشرق وسطیٰ میں ایک بار پھر جنگ کے بادل منڈلانے لگے، امریکا اور اسرائیل نے ایران کے خلاف فوجی کارروائی کے امکانات پر غور شروع کردیا، تاہم امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے تاحال کسی حملے کی منظوری نہیں دی۔ امریکی نشریاتی (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 8)

میزائلوں کی تعیناتی پر ایران کو کسی پابندی کا سامنا نہیں، پاسداران انقلاب

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی پاسداران انقلاب کی فضائی دفاع کے سربراہ نے کہا ہے کہ ملکی دفاع کے لیے جدید میزائلوں کی تیاری اور ان کی تعیناتی پر ایران کو کوئی بین الاقوامی پابندی یا رکاوٹ کا سامنا نہیں ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی برید کے بریگیڈیئر جنرل علی ہادی نے کہا ہے کہ ملکی دفاع

اقوام متحدہ کے ای گورنمنٹ انڈیکس میں پاکستان کی 17 درجے ترقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) اقوام متحدہ کے ای گورنمنٹ انڈیکس 2026 میں پاکستان کی عالمی درجہ بندی میں 17 درجے (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 6)

ایران کا اسرائیل پر 20 نئی گاڑیاں فراہم، وزیر داخلہ کا مزید 20 گاڑیاں دینے کا اعلان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) اسلام آباد پولیس کی سیکیورٹی کو مزید بہتر بنانے کے لیے ایران کی جانب سے 20 نئی گاڑیاں فراہم کر دی گئیں۔ وفاقی وزارت داخلہ کی جانب سے نئی گاڑیاں سوات فورس کے حوالے کرنے کی تقریب منعقد ہوئی۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 12)

اسلام آباد پولیس کی سوات فورس کو 20 نئی گاڑیاں

معلوم نہیں تھا کہ امریکا میں اسرائیلی سفیر امریکی فوج کے کمانڈر انچیف ہیں، ایرانی وزیر خارجہ

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے امریکا میں تعینات اسرائیلی سفیر کے ایک انٹرویو پر طنزیہ ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ تہران کو یہ معلوم نہیں تھا کہ واشنگٹن میں موجود اسرائیلی سفیر امریکی فوج کے کمانڈر انچیف بھی ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق تہران سے جاری کردہ سرکاری بیان میں ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ اسرائیلی سفیر کا یہ دعویٰ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 13)

ڈیزل مہنگا، پیٹرول کی قیمت میں تین روز کیلئے کمی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) نے تین روز کیلئے پٹرول کی قیمت میں 1 روپے کی جبکہ ڈیزل 2 روپے مہنگا کردیا۔ اوگرا نے 21 سے 23 نومبر تک کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین کرتے ہوئے نوٹی فکیشن جاری کردیا۔ (باقی صفحہ نمبر 3 بقیہ 14)

فارمار کیٹس کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے، AIG کراچی



کراچی (رپورٹ باردن انصاری) ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان سے جنرل کیریئر بزنس مین کی ملاقات میں کراچی کے تاجر برادری کے مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایس ایس پی ڈاکٹر سید عمر فاروق بھی موجود تھے۔ ایڈیشنل آئی جی نے کہا کہ کراچی کے تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے۔ کراچی کے تاجر برادری کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون کریں گے۔ ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان سے جنرل کیریئر بزنس مین کی ملاقات میں

روزنامہ تشکر کراچی
نیوز
چیف ایڈیٹر پبلشر علی منصور
تشکر نیوز



چیف ایڈیٹر و پبلشر علی منصور اور ارض وطن گروپ نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر سن ریپڈ یڈیس B-1/3-III فرسٹ فلور آفس نمبر 103 ناظم آباد نمبر 3 سے شائع کیا۔
فون نمبر: 0324-9215059 ،roznamatashakur786@gmail.com

مہران ٹاؤن میں کے ڈی اے کی اراضی سے تجاوزات ختم، پلاٹ واگزار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ادارہ ترقیات کراچی (کے ڈی اے) نے سرکاری اراضی کو غیر قانونی قبضوں اور تجاوزات سے محفوظ بنانے کے لیے کارروائی کرتے ہوئے مہران ٹاؤن اسکیم سیکٹر C-6، ضلع کورنگی میں پلاٹ نمبر MB-71 کو اسٹیٹ ایڈ انفورسمنٹ رحمت شاہ اور پولیس کی بھاری نفری بھی موقع پر موجود تھی، جنہوں نے آپریشن کے دوران انتظامی معاونت فراہم کی۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل کے ڈی اے زبیر العابدین انصاری نے کہا کہ سرکاری اراضی کا تحفظ اور شہریوں کے حقوق کی پاسداری ادارے کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ الاٹ شدہ زمین شہریوں کی ملکیت ہے جسے کے ساتھ ہر مفاد اور غیر قانونی کا انہم الاٹی ہے، جس کا تحفظ یقینی بنانا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ کے ڈی اے ہر سرکاری اور الاٹ شدہ اراضی پر غیر قانونی قبضوں اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے حاصل اقدامات کر رہا ہے تاکہ زمین کو اس کے اصل مقصد کے لیے محفوظ رکھا جاسکے اور قانون کے مطابق شہریوں کے حقوق کا تحفظ ہو۔ڈی جی کے ڈی اے نے مزید کہا کہ غیر قانونی طور پر سرکاری اراضی پر تعمیرات کرنے والے خلاف کارروائیاں بلا امتیاز جاری رہیں گی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ ایسے افراد کی تعمیرات میں کسی بھی رعایت کو نہیں برتا جائے گا، تاہم ہر کارروائی قانون اور ضابطے کے مطابق انجام دی جائے گی۔



تجاوزات سے واگزار کرایا گیا پلاٹ۔

لانڈھی میں گھر کے اندر فائرنگ، خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق

کراچی (کرائم رپورٹر) لانڈھی اولڈ مظفر آباد کے قریب گھر میں فائرنگ کے نتیجے میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ترجمان ایدھی کے مطابق جاں بحق افراد میں میاں بیوی اور خاتون کا بھائی شامل ہے، واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچ گئی اور کرائم سین یونٹ کو بھی طلب کرلیا گیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ شوہر نے پہلے بیوی اور سالے کو گولی ماری کے بعد خود بھی کی، جاں بحق خاتون نے ضلع کے لئے عدالت سے رجوع کیا ہوا تھا۔

پولیس نے بتایا کہ جوڑے کی شادی 15 سال قبل ہوئی تھی اور پھر دونوں سے شدید کشیدگی تھی، خاتون اپنے والدین کے گھر منظور آباد کالونی میں رہائش پذیر تھی۔ پولیس حکام کے مطابق شوہر کی رہائش شاہ لطیف ٹاؤن میں تھی، صبح شوہر اپنے سسرال پہنچا اور بیوی اور سالے پر فائرنگ کردی، دونوں کو جناح اسپتال منتقل کردیا گیا۔ یہ قاتلانہ پولیس کے مطابق شوہر اصرار طلاق لینے کے خواہش مند تھا۔



بچوں میں اسکول کی سطح سے ہی اخبار پڑھنے کی عادت پیدا کرنی چاہیے، ارم تنویر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پریس انفارمیشن ڈپارٹمنٹ کراچی کی ڈائریکٹر جنرل ارم تنویر نے کہا ہے کہ بچوں میں اسکول کی سطح سے ہی اخبار پڑھنے کی عادت پیدا کرنی چاہیے، کیونکہ اخبار قارئین کو معتمد ذریعہ ہے، جبکہ مطلع شعبوں میں خواتین کو طویل آسان لیکن مشکل سے دور ہونے کے باوجود قوانین کے عہدوں پر ان کی نمائندگی اب بھی کم ہے۔ یہ بات انہوں نے ویمن میڈیا سینٹر پاکستان (WMC) اور نیشنل ڈیموکریٹک انسٹی ٹیوٹ (NED) کے اشتراک سے منعقدہ ''ایمپاورنگ ویمن جرنلسٹس فار ڈیجیٹل ڈیموکریسی اینڈ میڈیا'' تقاریب میں خواتین صحافیوں اور شعبہ ابلاغ عامہ کی طالبات کے شرکت کی۔ 16 سے 20 فروری تک جاری رہنے والی اس تربیتی ورکشاپ کے مقصد خواتین صحافیوں اور میڈیا کی طالبات کو ڈیجیٹل میڈیا، جمہوری اقدار اور شہری شمولیت کے حوالے سے جدید معلومات اور پریکٹیکل مہارتوں سے آراستہ کرنا تھا، تاکہ وہ ڈیجیٹل صحافت کے بدلتے ہوئے تقاضوں کے مطابق اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں انجام دے سکیں۔ ورکشاپ کے اختتام پر شرکا میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔ اس موقع پر خواتین صحافیوں اور میڈیا کی طالبات کی بڑھتی ہوئی تعداد پر اطمینان کا اظہار کیا گیا، تاہم شرکا نے نشاندہی کی کہ ڈیجیٹل میڈیا کے بڑھتے ہوئے اثرات کے باعث اسے سنجیدہ لینے کا رجحان کم ہوا ہے، جبکہ پولیس سروس میں بھی خواتین کی نمائندگی محدود تھی، تاہم اب خواتین پولیس سروسز مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کررہی ہیں، جو ایک بڑی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سوش

روزنامہ تشکر

بقیہ 1

کی شادی بھی ہوئی جس سے دو بیٹے اور ایک بیٹی ہے۔ وہ کاروباری سلسلے کے تحت کئی مرتبہ بیرونِ ملک بھی جاتے رہے ہیں۔ ان کے والد کا انتقال 2019ء میں ہوا تھا۔ ان کی نمازِ جنازہ ادا کی جا چکی ہے۔ ان کے پسماندگان میں اہلیہ، بیٹے اور بیٹی کے علاوہ بھائی اور بہنیں بھی ہیں۔ ان کی تدفین کراچی میں ہی ہوگی۔

روزنامہ تشکر

بقیہ 2

کے عشقرہ میں ہے، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تواتانی کے بعض بڑے سے بڑے خلاء کو ختم کرنے میں مدد کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ کی تجارت سے دوطرفہ تواتانی کے حجم کو 2030ء تک 100 ارب ڈالر تک بڑھانے کے لیے اشتراک کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ ترک وزیرِ تجارت نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ تواتانی کے شعبے میں قانون کو ہموار بنانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ترکیہ کی کمپنیاں پاکستان میں آئل اور گیس کے شعبے میں سرمایہ کاری کے لیے پرعزم ہیں۔ ترک وزیرِ تجارت نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تجارت کے حجم کو 10 ارب ڈالر تک بڑھانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔

روزنامہ تشکر

بقیہ 3

میں بھی پاکستان اور ترکیہ کے درمیان اداروں اور معیشتوں کے مابین مفاہمت کی یادداشتوں پر دستخط ہوئے۔ ان میں ترک تجارت گروپ اور پاکستان ایکسپورٹ فنانس کمپنی کے مابین مفاہمت کی یادداشت، ترک ایگزم بینک